پریس ریلیز

جنرل ہسپتال میں ساڑھے 23لاکھ مریضوں کا علاج ، کھانا بھی فراہم : پروفیسر الفرید ظفر

بریسٹ کلینک،سکریننگ وطبی معائنہ کا آغاز ،امراض چشم ،گائنا کالوجی میں پہلی مرتبہ آن لائن سسٹم متعارف

بیماریوں کے متعلق عوامی شعور اجاگر کرنے کیلئے پبلک سروس میسجز کو مزید وسیع کیا جائے گا: پرنسپل پی جی ایم آئی

تمام شعبوں کی کارکردگی میں نمایاں آضافہ، خدمت کا سفر جاری رکھیں گے: ڈاکٹر خالد بن اسلم / رمضان بی بی

لیبر روم ایمرجنسی میں سال کے دوران 10 ہزار بچوں کی پیدائش، ویکسینیشن کی گئی: ڈاکٹر لیلیٰ شفیق

لاہور 6جنوری: ...... پرنسپل پوسٹ گریجویٹ میڈیکل انسٹی ٹیوٹ پروفیسر ڈاکٹر سردار محمد الفرید ظفر نے کہا ہے کہ لاہور جنرل ہسپتال انتظامیہ اور ہیلتھ پروفیشنلز نے اپنی مثبت روایت پر عمل کرتے ہوئے مریضوں کی خدمت میں 2022 کے دوران بھی امتیازی پوزیشن برقرار رکھی اور سالانہ اعداد و شمار کے مطابق ایمرجنسی و آؤٹ ڈور میں مجموعی طور پر ساڑھے 23لاکھ سے زائد افراد کو بغیر پرچی فیس کے علاج معالجہ و تشخیصی سہولیات فراہم کیں جبکہ صاحب ثروت اور مخیر حضرات کے تعاون سے مریضوں و تیمارداروں کو تینوں وقت کا معیاری کھانا بھی مہیا کیا گیا ۔علاوہ ازیں گزشتہ سال لیبر روم ایمرجنسی میں پیدا ہونے والے تقریباً10 ہزار بچوں کی ویکسی نیشن یقینی بنا کرانہیں گھر جانے کی اجازت دی گئی جو ایک ریکارڈ ہے ۔اس امر کا انکشاف پروفیسر الفرید ظفر نے جنرل ہسپتال کی سالانہ کارکردگی رپورٹ کے اجرا اور صحافیوں سے بات چیت کرتے ہوئے کیا۔میڈیکل سپر نٹنڈنٹ ایل جی ایچ ڈاکٹر خالد بن اسلم، ڈاکٹر لیلیٰ شفیق، ڈپٹی چیف نرسنگ سپر نٹنڈنٹ رمضان بی بی، ڈاکٹر جعفر شاہ اور ڈاکٹر عبدالعزیز و دیگر بھی اس موقع پر موجود تھے ۔پروفیسر الفرید ظفر نے کہا کہ 2022لاہور جنرل ہسپتال کے لئے ترقیاتی کاموں کا سال رہا جس کے دوران خواتین کو چھاتی کے کینسر سے محفوظ رکھنے کے علاوہ آؤٹ ڈور میں بریسٹ کلینک قائم کیا گیا جبکہ سنٹرل ریسرچ لیب میں سکریننگ کی سہولت بھی فراہم کی گئی ہے ۔مزید برآں امراض چشم اور گائنا کالوجی کے شعبے میں پہلی مرتبہ مریضوں کو ڈاکٹروں سے معائنے کے لئے وقت لینے کی سہولت آن لائن فراہم کی گئی ہے تا کہ مریضوں کا وقت بچے اور انہیں انتظار کی زحمت بھی نہ اٹھانا پڑے اور وہ وقت مقررہ پر متعلقہ شعبہ میں پہنچ کر اپنا طبی معائنہ و رہنمائی حاصل کر سکیں۔

پروفیسر الفرید ظفر نے اس عزم کا اظہار کیا کہ پی جی ایم آئی، امیر الدین میڈیکل کالج، نرسنگ کالج اور الائیڈ ہیلتھ سائنسز سکول طبی تعلیم کے فروغ کے ساتھ ایل جی ایچ میں عوامی خدمت کی روایت کو مزید مستحکم بنائے گا اور بیماریوں کی روک تھام میں بھی اپنا کردار ادا کرتے ہوئے ہیلتھ کیلنڈر کے مطابق عوامی شعور اجاگر کرنے کے لئے پبلک سروس میسجز کے نظام میں مزید توسیع کی جائے گی تا کہ لوگ احتیاطی تدابیر پر عمل کرتے ہوئے اپنے آپ کو بیمار ہونے سے محفوظ رکھ سکیں جس سے ہسپتالوں میں مریضوں کا رش بھی کم ہو گا اور عوام کی جیب پر علاج معالجے کی مد میں اٹھنے والے مالی اخراجات میں بھی نمایاں کمی واقع ہو گی۔

ایم ایس ڈاکٹر خالد بن اسلم نے سالانہ کارکردگی کے حوالے سے بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ 76044مریضوں کو داخل کر کے اُن کا علاج معالجہ کیا گیا نیز 97862 مریضوں کے مختلف نوعیت کے سرجری کے پروسیجر ہوئے ۔ 2022کے دوران 54487 سی ٹی سکین، 17831ڈائیلسز اور 143936الٹرا ساؤنڈ ہوئے ،ایم ایس نے مزید بتایا کہ 1582مریضوں کی شعاعوں سے پتھری تحلیل کرنے کے علاوہ 5794مریضوں کی گیسٹرو سکوپی، 256میموگرافی، 628نیورو انجیو گرافی، 97048ایکسرے اور 61085مریضوں کی ای سی جی کے ٹیسٹ کیے گئے ۔ایم ایس ڈاکٹر خالد بن اسلم نے یقین دلایا کہ پرنسپل پروفیسر الفرید ظفر کی قیادت میں اس ادارے کو مزید بہتر سے بہتر بنانے کی کاوشیں جاری رکھی جائیں گی اور حکومت پنجاب کی پالیسی کے مطابق یہاں آنے والے ہر مریض علاج معالجے کی بہترین سہولتیں دیں گے۔

☆☆☆☆